موت العالِم موت العالَم

رئیس الجامعہ اور عثمان یحییٰ، علی یحییٰ، عبدالحنان، قاری محمد بشیر و برادران کو صدمہ

جامعہ کے ناظم خوراک مولوی محمد یحییٰ کا سانحۂ ارتحال

مورخہ 18/ نومبر بروز جمعہ رئیس الجامعہ کے پھوپھی زاد و ماموں زاد بھائی، عثمان یحییٰ، علی یحییٰ و عبدالحنان کے والد محترم اور قاری محمد بشیر خطیب جڑول کے بڑے بھائی مولوی محمد یحییٰ طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولوی محمد یحییٰ مرحوم انتہائی نیک، صوم وصلوٰۃ، تلاوت قرآن کے پابند اور تہجد گزار انسان تھے۔ مرحوم نے حضرت مولانا حافظ عبد الغفور ؒ کے دور سے لے کر جب تک صحت رہی جامعہ کی خدمت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا الغرض انہوں نے اپنی پوری زندگی جامعہ اور طلبہ واساتذہ کی خدمت میں گزار دی۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ وطلبہ اور ان کے عزیز واقارب کے علاوہ جہلم، گجرات، سیالکوٹ، میرپور، سوہاوہ، دینہ کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

مولانا عبدالرحمٰن ربانی کا انتقال پر ملال

مورخہ 9/ نومبر بروز بدھ جامع مسجد آمنہ اہل حدیث کے ڈی سی کے خطیب مولانا عبدالرحمٰن ربانی ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم ایک عالم باعمل ہونے کے ساتھ ساتھ ایک اچھے خطیب بھی تھے۔ کے ڈی سی میں خطابت سے قبل جامع مسجد اہل حدیث میرپور ناگی میں کئی سال خطابت کرتے رہے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے آبائی گاؤں گرجاکھ گوجرانوالہ میں مولانا یحییٰ گرجاکھی نے پڑھائی۔

جامعہ سلفیہ اسلام آباد کے شیخ الحدیث مولانا محمد یونس عاصم کا سانحۂ ارتحال

مورخہ 4/ دسمبر بروز اتوار جامعہ سلفیہ اسلام آباد کے شیخ الحدیث مولانا محمد یونس عاصم ہارٹ اٹیک ہونے کی وجہ سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم آج سے بیس سال قبل جامعہ علوم اثریہ میں بھی تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے اور تقریباً اٹھارہ سال سے جامعہ سلفیہ میں یہ خدمات سرانجام دے رہے تھے اور اب شیخ الحدیث کی مسند پر فائز تھے۔ مرحوم نے پوری زندگی تعلیم وتدریس میں گزاری اور ہزاروں طلبہ صدقہ جاریہ کے طور پر چھوڑے ہیں۔ اللہ مرحوم کی حسنات کو قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ فرمائے۔ مرحوم کی نماز جنازہ ان کے عظیم استاذ شیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز علوی نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں کثیر تعداد میں علماء اور طلبہ شریک ہوئے۔ جہلم سے رئیس الجامعہ، شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور مولانا قطب شاہ نے شرکت کی۔

ناظم دفتر مرکزیہ جناب ماسٹر رحمت اللہ کا انتقال پر ملال

مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ناظم دفتر جناب ماسٹر رحمت اللہ 23/ اکتوبر بروز اتوار مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم تقریباً بیس سال سے ناظم دفتر کی ذمہ داری بطریق احسن نبھا رہے تھے۔ مرحوم انتہائی دین دار نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ رئیس الجامعہ نے مرحوم کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور ان کے لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور مرحوم کی بلندی درجات کیلئے دعا کی۔

جامع مسجد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اہل حدیث، قصبہ کریالی میں درسِ قرآن

مورخہ 27/ نومبر بروز اتوار بعد نماز عشاء جامع مسجد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اہل حدیث، قصبہ کریالی، تحصیل سرائے عالمگیر، ضلع گجرات میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے نماز کی اہمیت پر درسِ قرآن ارشاد فرمایا۔ جس میں اہلِ علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔